عالمی سہارا
AALAMI SAHARA

21 November, 2013

بیل ویو کلنک میں ٹخنے کا کمپیوٹرائز ارتھروپلاسٹی

میڈیکل سائنس میں ان دنوں زبردست انقلاب برپا ہوا ہے۔ مختلف اور خطرناک بیماریوں کا علاج کرنے میں کمپیوٹرائز طریقے پر عمل درآمد کرکے ان پر کامیابی حاصل کی جارہی ہے۔ اس طرح کی ایک خطرناک بیماری جسے جوڑوں کا درد کہتے ہیں، اس کا آپریشن کمپیوٹر کے ذریعہ ارتھروپلاسٹی سرجری کے ذریعہ کیا گیا۔ سرجن ڈاکٹر سنتوش کمار کی قیادت میں آج بیل ویو کلنک میں Knee Arthroplasty Surgery کا لائیو ٹیلی کاسٹ اسکرین کے ذریعہ میڈیا کو دکھایا گیا۔ اس ضمن میں ڈاکٹر کمار کا یہ کہنا ہے کہ اس طرح کے سرجری کے ذریعہ مریض کے جسم سے آپریشن کے دوران زیادہ خون کو بہنے سے بچایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ مریض کو صحت یاب ہونے اور چلنے پھرنے میں بھی زیادہ پریشانی نہیں ہوتی۔ ڈاکٹر کمار کے مطابق اس طرز کے ٹخنے کا آپریشن مشرقی ہند میں پہلی بار ہوا جو پوری طرح کامیاب رہا۔